صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 02 مارچ 2017ء بمطابق 02 جمادی الثانی 1438 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ ٱلشَّیۡطَٰنِ ٱلرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

ٱلرَّحۡمَٰنُ O عَلَّمَ ٱلۡقُرۡءَانَ O خَلَقَ ٱلۡإِنسَٰنَ O عَلَّمَهُ ٱلۡبَیَانَ O ٱلشَّمۡسُ وَٱلۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ O وَٱلنَّجۡمُ وَٱلشَّجَرُ یَسۡجُدَانِ O وَٱلسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ ٱلۡمِیزَانَ O أَلَّا تَطۡغَوۡاْ فِی ٱلۡمِیزَانِ O وَأَقِیمُواْ ٱلۡوَزۡنَ بِٱلۡقِسۡطِ وَلَا تُخۡسِرُواْ ٱلۡمِیزَانَ۔

(ترجمہ): (خدا جو) نہایت مہربان۔ اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔ سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔ اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔ کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔ اور تول کم مت کرو۔

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں، یو منٹ جی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں، یہ میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں: میڈم نرگس علی، 02 مارچ؛ میڈم رقیہ حناء؛ عارف یوسف؛ جناب اکبر ایوب؛ شکیل احمد صاحب؛ اکرام اللہ گنڈاپور؛ میڈم نادیہ شیر؛ سردار فرید؛ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی، میں ایک ریکویسٹ کرتا ہوں، ایک منٹ، میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔

مولانا مفتی فضل غفور: زہ جی یو ضروری خبرہ کوم۔

جناب سپیکر: جی جی۔

مولانا مفتی فضل غفور: سپیکر صاحب! شکریہ۔ د دې اسمبلئ اجلاس نه مخکښې سپیکر صاحب! د سی ایم هاؤس نه ایم پی اے هاسټل ته مونږ راتلو نو د دې ګورنر هاؤس مخې ته چې کومه ناکه ده، په هغې باندې تعرف ئے اوغوښتلو، مونږه خپل تعرف ورته اوکړو۔ وئیل ئے چې تاسو کوز شئ او صاحب سره ملاؤ شئ نو هغوی ته مونږ خپل کارډ اوښودلو، وئیل ئے چې یره دا کارډ ئے داسې رااوویشتو چې "میں کسی ایم پی اے کو نہیں جانتا"۔ سپیکر صاحب! دا ټول هاؤس د دې خبرې ګواه دے چې د صوبائی اسمبلئ هر یو ممبر روزانه د دغې تذلیل نه تیریږی۔ سپیکر صاحب! تاسو کسټوډین آف دی هاؤس یئ، زه خپل کارډ تاسو ته درویشتلې نشم خو زه به ضرور دا کوم چې دا به زه دوئ له ورکوم او دا زه تاسو ته درواپس کوم، کم از کم تاسو د دې هاؤس لاج به سائ، که عزت سائ نو Ensure کړئ په ټولو ناکه بندو باندې۔ مونږ د دې نه نور څه اوکړو، زمونږ په ګاډی باندې سپیکر صاحب! د اسمبلئ سټیکر لګیدلے وی، مخې ته

مونږ خپل تعرف کوؤ، بورډ پرې لګیدلے وی او د هغې باوجود وائی چې ہم نہیں جانتے کہ ایم پی اے کیا چیز ہوتی ہے؟

جناب سپیکر: دیکھیں، یہ ایشو پہلے بھی آیا تھا، میں نے اس وقت کور کمانڈر صاحب سے بات کی تھی اور انہوں نے اس کا پھر نوٹس لیا تھا۔ میں آپ کو ایشورنس دیتا ہوں کہ میں خود کور کمانڈر صاحب سے اس کے حوالے سے بات بھی کروں گا، میٹنگ بھی کروں گا اور آپ کا یہ Concern میں پہنچاؤں گا ان شاء اللہ اس کو۔ جی لطف الرحمان صاحب!

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): شکریہ جناب سپیکر۔ میں نے آج کے ایجنڈے کے حوالے سے بات کرنی تھی کہ جس بنیاد پہ ہم نے یہ اجلاس بلایا ہے تو وہ ایجنڈے کے بالکل End پہ 20 ,19 پہ رکھا ہوا ہے تو ہمیں پہلے موقع دیں، پھر اس کے بعد قرارداد آپ پاس کریں لیکن ہم جس ایجنڈے پہ اجلاس بلائیں گے کم از کم اس پہ تو بات ہو سکے۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! میری ریکویسٹ یہ ہے کہ چونکہ ایک ہم، یہ لیجسلیشن، یہ پرائیویٹ ممبر وہ ہے، تمام اسمبلی نے Adopt کیا ہے۔ اس کو کر کے پھر اس ایجنڈے کو ہم پاس کرتے ہیں، اس پر ڈسکشن کریں گے تا کہ یہ ہم چلائیں اور اس میں۔۔۔۔۔

ایک رکن: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: جی، یہ اب میں ایجنڈے میں تھوڑا ابھی یہاں آپ کے ساتھ مشورہ کر کے ایجنڈے پر جو ہماری 12 نمبر آئٹم ہے اس کو اور اس لیجسلیشن کو فرسٹ ٹائم کرتے ہیں، اس کے بعد باقی آپ کا جو ایجنڈا ہے، اس کو لے لیتے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: ٹھیک ہے جی لیکن ہمارا جو ایجنڈا ہے، وہ۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: وہ بل لے آتے ہیں۔ اچھا آئٹم نمبر 12 بل ہے۔ آئٹم نمبر 12، فخر اعظم!

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Mr. Speaker! I beg to move a motion for a leave under rule 77-----

جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ۔ فخر اعظم صاحب! اس میں یہ ہے سپیشل کمیٹی کی رپورٹ ہے، اس میں یہ جو کیا ہے مسٹر فخر اعظم وزیر ایم پی اے، مسٹر ضیاءاللہ بنگش اور یہ دو۔۔۔۔۔

جناب فخر اعظم وزیر: یس سر۔ یہ دو ہیں سر۔

جناب سپیکر: ہاں جی، یہ پرائیویٹ ممبرز بل ہے لیکن یہ جو ہم نے سپیشل کمیٹی بنائی تھی جس میں تمام ایم پی ایز، وہ لسٹ مجھے دے دیں جس میں جو جو ایم پی ایز Available تھے تاکہ میں ان کا نام لے لوں کہ کون کون اس میں وہ تھے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں یہ کہتا ہوں جی کہ اگر پہلے ایجنڈے میں ان آئٹمز کو لے لیں۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ہاں میں، آپ Confuse نہ کریں، میں نے آئٹم نمبر 12 لیا ہے، یہ ڈاکٹرز کا ہے، ایریگیشن کا میں تھوڑا آگے پیچھے کرتا ہوں نا، وہ مجھے آپ چھوڑیں میں آپ کو کہتا ہوں کہ آئٹم نمبر 12 ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا بل ہے، مسٹر فخر اعظم وزیر! پلیز۔

غیر سرکاری مسودہ قانون کو متعارف کرانے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

خیبر پختونخوا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Fakhar-e-Azam Wazir: I beg to move a motion for leave under rule 77 of the Provincial Assembly Rules of Business, 1988, to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the leave may be granted to the honourable Member, to introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Leave is granted.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا متعارف کرایا جانا

خیبر پختونخوا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Speaker: Item No. 13, Mr. Fakhar-e-Azam and Mr. Ziaullah Bangash.

Mr. Fakhar-e-Azam Wazir: I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا

خیبر پختونخوا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Speaker: Item No. 14 and 15.

Mr. Fakhar-e-Azam Wazir: I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: Mr. Shahram! Can you say something, please?

Mr. Shahram Khan Senior Minister (Health): This is fine ji, Thank you.

(Applause)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. (Applause) Amendment in sub-clause (1) of Clause 2 of the Bill: Madam Zareen Zia!

Madam Zareen Riaz (Parliamentary Secretary for Agriculture): Mr. Speaker! I beg to move that in Clause 2, in sub-clause (1), for paragraph (f), para 1 and 2 of the Khyber Pakhtunkhwa, Employees

of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017, the following may be substituted namely----

جناب سپیکر: مسٹر شہرام! (مداخلت) اچھا جی بولیں، بولیں پلیز۔

Parliamentary Secretary for Agriculture: (f) “**employees**” mean those duly qualified persons:-

(i) who were appointed as District Specialist, Medical Officers, Dental Surgeons and Drug Inspectors on adhoc or contract basis by the Government in the years 2015, 2016 and 2017 but otherwise than in accordance with the prescribed method of recruitment;

(ii) who were appointed in Saidu Medical College, Swat and Gajju Khan Medical College, Swabi on adhoc or contract basis by the Government in the years 2015, 2016, and 2017 but otherwise than in accordance with the prescribed method of recruitment.

Mr. Speaker: Mr. Shahram Khan.

Senior Minister (Health): I agree with the honourable MPA, ii.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Amendment is adopted and stands part of the Bill. Clauses 3 to 6 of the Bill: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 3 to 6 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 3 to 6 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 3 to 6 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا پاس کیا جانا

خیبر پختونخوا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Speaker: ‘Passage Stage’: Mr. Fakhr-e-Azam Wazir and Mr. Ziaullah Bangash.

Mr. Fakh-e-Azam Wazir: Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017 may be passed.
Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Employees of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

Mr. Speaker: Mr. Shahram Khan, please, Shahram Khan!

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: شکریہ سپیکر صاحب۔ میں سب سے پہلے پورے ہاؤس کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور آپ کا بھی۔ اس بل کے پاس ہونے سے لوگ توریگولرائز ہو ہی جائیں گے، اس کے کرنے کا مقصد یہ تھا جس طرح آنریبل ایم پی اے صاحب نے بل لایا تھا اور سارے ایم پی ایز، اس پر ڈسکشن بھی ہوئی تھی، آپ بھی تھے، ایک تو جو سٹاف ہم نے پورے صوبے میں ہائر کیا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا، آج میں الحمدللہ دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ پورے جتنے بھی ہمارے ایم پی ایز ہیں، یہ اس بات کی گواہی کریں گے کہ آج کا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ پہلے کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے کافی بہتر ہے، الحمدللہ ڈاکٹرز موجود ہیں، وہی ڈاکٹرز پہلی دفعہ Peripheries میں گئے ہیں، دیر میں، چترال میں، تورغر میں، چارسدہ، صوابی لے لیں، ٹانک لے لیں، ڈی آئی خان لے لیں، کہیں پہ بھی لے لیں، ان ساری جگہوں میں آج ڈاکٹرز موجود ہیں جو پہلے کبھی بھی نہیں تھے۔ بلڈنگز بنائی گئی تھیں، حکومتیں گزریں لیکن ڈاکٹرز نہیں پہنچ سکے۔ اس کے کرنے کا مقصد یہ تھا کہ تنخواہیں بڑھائی گئیں، ان کو جاب سیکورٹی دینے کیلئے، ان کو Motivate کرنے کیلئے، Motivation تو ہو جاتی ہے لیکن جاب سیکورٹی انتہائی ضروری تھی۔ اس ہاؤس میں بہت بار ان آنریبل ایم پی ایز نے کوسچن کیا کہ جی ہم کھڑے ہو جاتے ہیں اور ہم حلقوں میں جاتے ہیں اور ہمارے پاس ڈاکٹرز نہیں ہوتے ہیں ہسپتال میں اور لوگ ہم سے کوسچن کرتے ہیں، الحمدللہ آج یہ سارے ایم پی ایز اپنے حلقوں میں جا سکتے ہیں اور اپنے حلقوں میں کھلی آواز سے کہہ سکتے ہیں کہ آج ہم نے آپ کو ڈاکٹرز Provide کر دیئے ہیں۔ وہ نوجوان جو ان حلقوں میں گئے جو Peripheries میں گئے، ان کیلئے جاب سیکورٹی کا ہونا بہت زیادہ ضروری تھا، اسی وجہ سے سپیشلسٹ پورے صوبے میں، میڈیکل آفیسرز تقریباً

کوئی 2600 میڈیکل آفیسر زہیں تقریباً جو کہ اس ایکٹ سے Permanent ہو جائیں گے۔ اسی طریقے سے آئی ایم یو کا سٹاف، اسی طریقے سے باقی، فزیوتھراپسٹس ہیں، بہت سارا اور سٹاف ہے، وہ پوری ڈیٹیل ہے اس بل میں، وہ سارے لوگ جو کئی مدتوں سے اس ڈیپارٹمنٹ میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے لیکن ان کے پاس جاب سیکورٹی نہیں تھی، آج اس اسمبلی نے اس کو ثابت کیا، میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے تعاون کیا اور ڈیپارٹمنٹ بالکل اس کا کریڈیٹ لیتا ہے، موجودہ حکومت لیتی ہے اور یہ موجودہ ہاؤس لیتا ہے، پورا ہاؤس، ان سب (تالیاں) نے ملکر ماشاءاللہ اس میں کردار ادا کیا ہے، تو میری طرف سے اس پورے ہاؤس کو مبارک ہو اور ان لوگوں کو مبارک ہو جو آج Permanent کئے گئے ہیں، سب کو بہت مبارک ہو۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر!

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ۔ اس کے بعد آپ بات کریں گے۔ صاحبزادہ ثناءاللہ!

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ میں اپنی طرف سے اور اپنے حلقے کے عوام کی طرف سے شہرام خان اور اس کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میرے حلقے میں کم از کم اگر میں یہ بات فلور پر نہ کہوں تو میں خیانت کروں گا، میرے پورے حلقے میں تقریباً پانچ ڈاکٹرز تھے، جب میں ایم پی اے بنا تو پانچ ڈاکٹرز تھے، اللہ کا کرم، اللہ کا احسان ہے کہ میرے حلقے میں ہر بی ایچ یو میں، ہر سی ڈی میں اور پورے ہسپتالوں میں اب ہمارے ڈاکٹرز پورے ہوئے ہیں، تو میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں (تالیاں) اور فلور پر یہ کہتا ہوں اور وہ اسی لئے، "هل جزآء الاحسان الاحسان"، انہوں نے ہمارے حلقے بلکہ پورے کے پی کے کی بات تو میں نہیں کہہ سکتا اسلئے کہ اور ممبرز ہیں ہمارے، وہ ان شاءاللہ تعالیٰ کہیں گے لیکن کم از کم میں دیر کے حوالے سے بات کروں تو ان شاءاللہ تعالیٰ وہاں کے عوام اس پر مطمئن ہیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: فخر اعظم!

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ میں آج پورے ہاؤس کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے آج تاریخی بل پاس کیا ہے اور جناب سپیکر

صاحب! میں ہیلتھ منسٹر کا بھی شکر گزار ہوں اور جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ آپ کا اس بل میں کردار کلیدی تھا اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ گورنمنٹ کا جو ایک وعدہ تھا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے، تو آج ہمیں ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ اس طرف ان کی ایک اہم پیشرفت ہے اور میں ان کو Appreciate کرتا ہوں کیونکہ اس بل کے پاس ہونے سے میڈیکل آفیسرز 1785، ڈسٹرکٹ سپیشلسٹس 85، پلاننگ سیل ملازمین 29، بی ایچ آئی ایس ملازمین 96، کل ملازمین ہو گئے 1995 اور نیو میڈیکل آفیسرز ہیں 1496 تو کل ملا کر 3281 ملازمین Permanent ہو گئے جو کہ بہت بڑا کارنامہ ہے، جو کہ بہت ہی تاریخی کارنامہ ہے، (تالیاں) تو میں اپنی طرف سے پورے ہاؤس کو مبارکباد پیش کرتا ہوں سر! اور آپ کا سپیشل شکریہ ادا کرتا ہوں، تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: عنایت خان۔ اوکے اس کے بعد، میں ابھی یہ دوسرا بل ہے، آئٹم نمبر 8، سکندر خان! سوری سکندر خان کا ہے لیکن یہ بھی فخر اعظم وزیر اور مسٹر یاسین خلیل، مسٹر منور خان ایڈوکیٹ اینڈ سردار حسین بابک، تو چاروں کی، فخر اعظم وزیر!

غیر سرکاری مسودہ قانون کو متعارف کرانے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

خیبر پختونخوا پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ سیل ایری گیشن ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

<u>Mr. Fakhr-e-Azam Wazir</u>: Mr. Speaker, I beg to move a motion for leave under rule 77 of the Provincial Assembly Rules of Business, 1988, to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell, Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017, in the House.

<u>Mr. Speaker</u>: Ji, Sikandar Sahib! Sikandar Sherpao Sahib!

<u>Mr. Sikandar Hayat Khan Senior Minister (Irrigation)</u>: Mr. Speaker Sir, we support the Bill and it may be introduced.

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that the leave may be granted to the honourable Member, to introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. Leave is granted.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا متعارف کرایا جانا

خیبر پختونخوا پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ سیل ایری گیشن ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Speaker: Item No. 9. Mr. Fakhr-e-Azam Wazir, Mr.Yaseen Khalil, Mr. Munawar Khan Advocate and Sardar Hussain Babak. Fakhr-e-Azam!

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017, in House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا

خیبر پختونخوا پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ سیل ایری گیشن ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Speaker: Item No. 10 and 11, Mr. Fakhr-e-Azam Wazir, Mr.Yaseen Khalil, Mr. Munawar Khan Advocate and Mr. Sardar Hussain Babak. Fakhr-e-Azam!

Mr. Fakhr-e-Azam Wazir: Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 to 5 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 5 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The Ayes' have it. Clauses 1 to 5 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

غیر سرکاری مسودہ قانون کا پاس کیا جانا

خیبر پختونخوا پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ سیل ایری گیشن ایمپلائز (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2017

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Mr. Fakhr-e-Azam Wazir, Mr. Yaseen Khalil, Mr. Munawar Khan Advocate and Mr. Sardar Hussain Babak. Munawar Khan!

Mr. Munawar Khan Advocate: I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Planning and Monitoring Cell Irrigation Employees (Regularization of Services) Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

جناب فخراعظم وزیر: مسٹر سپیکر!

جناب سپیکر: جی، فخراعظم وزیر صاحب!

جناب فخراعظم وزیر: سر! پورے ہاؤس کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور Specially ہمارے ایریگیشن منسٹر سکندر خان شیر پاؤ کا بہت ہی شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ اس بل کے لانے میں اور اس کے پاس کرنے میں اس کا کردار بہت اہم ہے، تو میں Once again پورے ہاؤس کا شکر گزار ہوں اور سر! آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، تھینک یو جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker. Dr Mehr Taj Roghani, honourable Deputy Speaker and Madam Rashida Rifat, item No. 6.

محترمہ مہر تاج روغانی (ڈپٹی سپیکر): راشدہ کو خیر ہے پاس کرنے دیں، This is allright, she will-----

جناب سپیکر: میڈم راشدہ۔

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا جہیز، شادی کے تحائف اور تقاریب پر پابندی، مجریہ 2017 کا متعارف کرایا جانا

محترمہ راشدہ رفعت: شکریہ سپیکر صاحب۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

Janab Speaker! I beg to move a motion for leave under rule 77 of the Provincial Assembly, Rules of Business, 1988, to introduce the

Khyber Pakhtunkhwa, Dowry, Bridal Gift and Marriage Functions Restriction Bill, 2017, in House. I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Dowry, Bridal Gift and Marriage Functions Restriction Bill, 2017-----

جناب سپیکر: بس بس ہو گیا جی۔

The motion before the House is that the leave may be granted to the honourable Member, to introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Dowry, Bridle Gift and Marriage Functions Restriction Bill, 2017 in the House? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

Mr. Speaker: Item No. 7, Dr. Meher Taj Roghani, honourable Deputy Speaker and Madam Rashida Rifat.

Ms: Mehr Taj Roghani (Deputy Speaker): Thank you, Mr. Speaker. I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Dowry, Bridal Gift and Marriage Functions Restriction Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

مسئلہ استحقاق

Mr. Speaker: Item No. 5, 'Privilege Motion': Maulana Mufti Fazal Ghafoor.

مولانا مفتی فضل غفور: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ضلع بونیر کے واحد گرلز کالج ڈگر میں زیر تعلیم بچیوں کے والدین نے مسلسل کالج انتظامیہ کے خلاف مجھے شکایتیں بھجوائیں کہ ایک تو 1600 طالبات سے ماہانہ 75 روپیہ غیر قانونی طور پر اکٹھا کیا جا رہا ہے اور دوسری شکایت یہ کی کہ طالبات کو پڑھائی کیلئے گرلز کالج پالیسی کے برخلاف مرد ٹیچرز ہائر کئے گئے ہیں جس پر میں نے ڈائریکٹر ہائر ایجوکیشن محمد روز صاحب سے رابطہ کیا، انہوں نے بڑی سختی سے کالج پرنسپل صاحبہ کو حکومتی پالیسی سے آگاہ کیا اور ان دونوں اقدامات سے ان کو منع کیا۔ کالج پرنسپل صاحبہ نے اپنے سٹاف کے تعاون سے طالبات سے روڈ بلاک کروا کر میرے خلاف نازیبا نعرے لگوائے، میں اس موقع پر کالج گیا تو پرنسپل صاحبہ نے توہین آمیز لہجے میں میرے ساتھ بات کی جس سے بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا۔

سپیکر صاحب! دا یو انتهائی اهم ایشو ده او دوه Irregularities دی په دیکښې نو کم از کم چې تاسو په دې دواړو باندې سخت ایکشن ورسره ورسره هم واخلئ او دا پریویلج کمیټئ ته جی وراولیږئ۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say' Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the Committee concerned.

(Interruption)

جناب سپیکر: مولانا صاحب! یہ ریزولیوشن پاس کرتے ہیں، اس کے بعد باقاعدہ وہ کرتے ہیں، جو جو ریزولیوشنز ہیں Kindly وہ کر لیں، جس جس کے پاس ہیں وہ ریزولیوشنز جو ہیں، ثناء اللہ صاحب۔ صاحبزادہ ثناءاللہ! آئٹم نمبر16پر آجاؤ بھئی، آئٹم نمبر16، پلیز صاحبزادہ ثناءاللہ!

قراردادیں

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ ایک قرارداد ہے: ہر گاہ کہ اس وقت لاکھوں پاکستانی روزگار کے سلسلے میں بیرونی ملک میں رہائش پذیر ہیں اور اپنے خاندان کی کفالت کر رہے ہیں اور زر مبادلہ کے ذریعے پاکستانی معیشت کو استحکام بخش رہے ہیں لیکن اس کے باوجود کہ وہ ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، ان کو ووٹ کے حق سے محروم رکھا گیا ہے جو ان کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے، لہذا یہ صوبائی اسمبلی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کو آئندہ انتخابات میں ووٹ کا حق دیا جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

جناب سپیکر: اچھا جی، جو جو، Next-----

صاحبزادہ ثناءاللہ: یہ دوسری قرارداد ہے906-----

جناب سپیکر: نہیں، یہ میڈم آمنہ سردار، آمنہ سردار ہیں؟ جی جی، میڈم آمنہ سردار!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ مشہور سماجی و فلاحی رہنما عبدالستار ایدھی (مرحوم) کی خدمات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی سوانح حیات کو صوبہ خیبر پختونخوا کے تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے تاکہ آنے والی نسلیں ان کی سماجی اور فلاحی خدمات سے روشناس ہو سکیں۔ بہت شکریہ جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted-----

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! یہ ایک بات خوش آئند ہے-----

جناب سپیکر: جی جی، عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ خوش آئند ہے کہ ایسے مشاہیر کو نصاب اور معاشرتی علوم کی کتابوں کے اندر جگہ دینی چاہیئے لیکن محترمہ کو یہ بات Explain کرنی چاہیئے کہ کیا وہ پوری کتاب چاہتی ہیں؟ میرا خیال ہے کہ اگر پوری کتاب کی بات کرتی ہیں تو وہ تو ممکن نہیں رہے گا لیکن اگر وہ چاہتی ہیں کہ جس طرح دوسرے مشاہیر کے اوپر معاشرتی علوم کے اندر چھوٹے چھوٹے بریف پیراگراف شامل ہیں، اگر وہ چاہتی ہیں تو میرے خیال میں اس میں کوئی دورائے نہیں ہو سکتی ہیں، That should be included لیکن پوری Biography تو نبی ﷺ کی بھی شامل نہیں ہے تو اسلئے میں یہ چاہوں گا کہ وہ تھوڑی Explanation کریں، If she means کہ ایک چھوٹی سی Biography جس طرح باقی مشاہیر کی ہیں، وہ شامل کی جائے So the government has no objection, it should be included them.

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! بالکل ابھی تک کسی بھی شخصیت کی سوانح حیات ہمارے پورے کے پورے نصاب میں شامل نہیں ہوتی، جب یہ نصاب میں شامل کرنے کی

بات کی گئی ہے تو اس کا مطلب ہی یہ ہے کہ اس کا کچھ حصہ یا اس کو Summarize کر کے اس کو پیش کیا جائے گا، کبھی بھی ایسا نہیں ہوتا کہ پوری کتاب شامل کر دی جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: اوکے، عنایت خان!

محترمہ عظمیٰ خان: ایک بات سر! میں کلیئر کر دوں، ان کی جو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں، جب آپ ریزولیوشن کی بات کرتی ہیں اور جب Unanimous پاس ہوتی ہے اسمبلی سے تو That is binding on the government اور اس میں اگر آپ Clarity کے ساتھ ذکر نہیں کریں گے تو اس سے مزید پھر Confusion، تو میرے خیال میں الفاظ کو Amend کر کے، ریزولیوشن کے اندر امنڈمنٹ کر کے یہ بات کی جائے کہ ان کی سوانح حیات کے اوپر معاشرتی علوم کے اندر کسی بھی کلاس میں، چوتھی کلاس ہو، پانچویں، چھٹی، ساتویں، کسی بھی کلاس کے اندر ایک Essay شامل کیا جائے، اس قسم کے الفاظ ہوں۔ اگر آپ سوانح حیات کا نام لکھیں گے تو اس کا مطلب ہو گا، پھر اسی اسمبلی کے اندر ممبر اٹھے گا اور کہے گا کہ حکومت کے خلاف میں پریویلج موشن لاتا ہوں کیونکہ اسمبلی کی ریزولیوشن پاس ہوئی ہے اور اس کو Implement نہیں کیا گیا ہے، تو مناسب الفاظ ہونے چاہئیں، میرے خیال میں یہ الفاظ، یہ امنڈمنٹ اگر ہو سکے۔

جناب سپیکر: جی میڈم عظمیٰ!

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر صاحب! ان کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو جو انہوں نے عوام کی اور جو لوگوں کی خدمت کی ہے، اگر اسی کو ہم لے لیں کہ انہوں نے کس طرح عوام کو فائدہ دیا ہے، عوام کی خدمت کی ہے، اس کی زندگی کے اس پہلو کو ہم لے کے کسی طریقے سے، کسی ایک مضمون میں، چاہے آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھوڑی Amend کر کے، میڈم! تھوڑا اس میں اضافہ کر دیں کہ اس کے اوپر ایک سبق یا کوئی پیراگراف شامل کیا جائے تاکہ اس کی زندگی سے لوگوں کو باقاعدہ Awareness ہو۔

محترمہ عظمیٰ خان: اردو میں Add کرنا چاہتے ہیں یا انگلش کی بک میں، تو اس میں ان کے نام سے ایک Topic add رکھا جائے۔

جناب سپیکر: میڈم آمنہ!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہ ایک سال پہلے تقریباً جمع ہوئی تھی اور اس کے بعد سے یہ سلسلہ چلا آرہا ہے لیکن ابھی میرا خیال ہے کہ آج کل عبدالستار ایدھی صاحب کا دو دن پہلے سالگرہ کا دن تھا، منایا گیا پوری دنیا میں اور آسٹریلیا نے بھی ان کو Tribute پیش کیا ہے اور بہت خراج تحسین پیش کیا، تو جب باہر کے ممالک ان کو خراج تحسین پیش کر سکتے ہیں اور ہمارے ہاں ان کو کوئی ایسا وہ نہیں دیا جارہا تو یہ دراصل ان کی خدمات کو سراہنے کیلئے، ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ہم نے اس کو یہ کیا ہے۔

Mr. Speaker: Agreed, agreed, as amended, as amended.

محترمہ آمنہ سردار: جی سر۔

جناب سپیکر: او کے جی، مطلب جو آپ کا وہ ہے اس میں،

The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted as amended? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

(Applause)

جناب سپیکر: جی، یہ ریزولیوشن پاس کر لیں اس کے بعد۔ اچھا میڈم راشدہ رفعت! میڈم راشدہ رفعت! ریزولیوشن نمبر 894، جی میڈم، پلیز۔

محترمہ راشدہ رفعت: جی شکریہ، سپیکر صاحب۔ موبائل کمپنیوں کے کردار کو محدود کیا جائے، میں نے اس پر یہ سپیکر صاحب! یہ قرارداد۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ Read کر لیں، آپ پلیز ریزولیوشن Read کریں، اس کی Reading کر لیں، کوئی اور پڑھ لے گا۔

محترمہ راشدہ رفعت: یہ بند ہو گیا تھا۔

جناب سپیکر: جی، کوئی اور پڑھ لے گا۔

محترمہ راشدہ رفعت: ایک منٹ یہ آرہا ہے۔

جناب سپیکر: آرہا ہے، جی، میڈم!

محترمہ راشدہ رفعت: جی۔

جناب سپیکر: یہ آن کرلیں اس کا، ایک منٹ، یہ لے کے آرہا ہے آپ کے پاس۔

محترمہ راشدہ رفعت: جناب سپیکر! چونکہ موبائل کمپنیوں نے مختلف پیکجز شروع کیے ہیں جس میں رات بھر کے پیکجز خصوصاً طلباء کیلئے انتہائی نقصان دہ ہیں اور اس سے غیر صحت مند سرگرمیوں اور رجحانات میں اضافہ اور ہماری نسلوں کو بے راہ روی کے شکار ہونے کا خدشہ ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ موبائل کمپنیوں کے کردار کو محدود کیا جائے۔

جناب سپیکر! یہ قرارداد میں نے 2014 میں جمع کرائی تھی اور اتنا عرصہ گزر جانے کے بعد ان کی کوئی اہمیت نہیں رہی، بلکہ یہ آپ خود سمجھتے ہیں کہ نیٹ کے اب دس دس روپے کے پیکج روزانہ کے آتے ہیں اور اس کی اب کوئی اہمیت رہی بھی نہیں ہے، اسلئے میں اب یہ سفارش کرنا چاہتی ہوں کہ نیٹ ہے تو وہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔

The motion before the House is that the resolution, moved by honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Madam Uzma! 895.

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ ہرگاہ کہ پورے ضلع پشاور میں بالعموم اور آفیسرز کالونی ڈیگری گارڈن پشاور جہاں صوبائی حکومت کے مختلف محکموں کے افسران رہائش پذیر ہیں، میں سوئی گیس کا پریشر نہایت کم ہوتا ہے اور گزشتہ تقریباً ایک ماہ سے آفیسرز کالونی ڈیگری گارڈن میں سوئی گیس کی سپلائی منقطع ہے جس سے کالونی کے مکینوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اور گیس نہ ہونے کی وجہ سے ضروریات زندگی مفلوج ہو چکی ہے۔ علاوہ ازیں سردی کے اس موسم میں سکول جانے والے بچے زیادہ تر متاثر ہو رہے ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ وہ

آفیسرز کالونی ڈبگری گارڈن پشاور میں گیس کی سپلائی بلا تعطل جاری رکھے اور گیس پریشر کی کمی کو دور کرنے کیلئے کالونی کے اندر علیحدہ پائپ لائن بچھائی جائے۔ تھینک یو، مسٹر سپیکر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Item number-----

(Interruption)

جناب سپیکر: دا به اخره کښې راځی کنه، دا چې روټین کښې ایجنډا باندې کومه هغې نه پس به خبرې ورسره کومه۔ صاحبزاده ثناء الله! 906۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ ہر گاہ دنیا بھر میں پاکستانی محنت مزدوری کیلئے مختلف ممالک کا رخ کرتے ہیں اور وہاں پر محنت مزدوری کر کے اپنے اور اپنے خاندانوں کی کفالت کے ساتھ ساتھ قیمتی زرمبادلہ کما کر ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دیگر ممالک کے ساتھ ساتھ پاکستانیوں کی کثیر تعداد خلیجی ممالک میں روزگار کیلئے رہائش پذیر ہیں اور اسلامی برادر ممالک میں رہائش پذیر پاکستانی ملکی وقار میں اضافے کا باعث ہیں۔ اسی طرح متحدہ عرب امارات میں بھی پاکستانی جفاکش محنت مزدوری کر کے ملک و قوم کی خدمت کے ساتھ ساتھ متحدہ عرب امارات کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جو دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کا اہم ذریعہ ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے ساتھ پاکستان کا دیرینہ بھائی چارے اور اخوت کا رشتہ قائم ہے اور ان کے ساتھ برادرانہ تعلقات پر فخر ہے۔ یہ اسمبلی صوبے میں متحدہ عرب امارات کے سرمایہ کاروں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ متحدہ عرب امارات کے ساتھ تعلقات کو مزید فروغ دیا جائے تاکہ دونوں اسلامی برادر ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات کو مضبوط سے مضبوط تر کیا جاسکے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Item No. 17, Item No. 17-----

(Interruption)

جناب سپیکر: نہ ایک ریزولیوشن محمد علی پاس کرنا چاہتا تھا اور ایک ثناء اللہ اور اس کے بعد ہم Topic پہ آجاتے ہیں پھر۔ جی، محمد علی!

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب محمد علی: شکریہ جناب سپیکر۔ میں اسمبلی کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Rule 240 کے تحت Rule 124 کو معطل کر کے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Members, to move their resolutions? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Please.

قراردادیں

جناب محمد علی: جناب سپیکر صاحب! دا یو جوائنٹ ریزولیوشن دے زما د طرف نہ، سید جعفر شاہ د اے این پی، ڈاکٹر امجد علی صاحب تحریک انصاف، محمود بیٹنی صاحب جمعیت علماء اسلام، سردار ظہور صاحب، میاں ضیاءالرحمان صاحب د مسلم لیگ نون، فخر اعظم صاحب پاکستان پیپلز پارٹی، سکندر شیرپاؤ صاحب قومی وطن پارٹی او شاہ حسین الائی جمعیت علماء اسلام او سعید گل ایم پی اے صاحب۔

اس قرارداد کی وساطت سے صوبائی اسمبلی کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ سوات ایئرپورٹ عرصہ دراز سے بند ہے جس کی وجہ سے خصوصاً وہ مسافر بھائی جو سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور یورپی ممالک میں محنت مزدوری کرتے ہیں اور ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں، ان کو بہت تکلیف اور مشکلات ہیں۔ پشاور ایئرپورٹ پورے صوبے کا بوجھ اٹھانے سے قاصر ہے اور ملاکنڈ ڈویژن کے مسافر بھائی جو باہر سے آتے ہیں، ان کا وقت اور پیسے دونوں ضائع ہوتے ہیں، لہذا یہ صوبائی اسمبلی مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ سوات ایئرپورٹ کو عوامی مفاد کے تناظر میں فی الفور کھولا جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously. Sanaullah Sahib!

صاحبزادہ ثناءاللہ: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ دا جی یو قرارداد دے چې د ملاکنډ ډویژن او د هزارې په حواله باندې دے۔

ہر گاہ کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں سیاحتی مقامات کی کوئی کمی نہیں خصوصاً ملاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن میں قدرت نے ایسے مقامات پیدا کیے ہیں جن کا ثانی نہیں، قدرتی مناظر اور خصوصاً پانی کی وافر مقدار اور برف سے ڈھکی پہاڑی چوٹیاں ان کے حسن میں مزید اضافے کا سبب ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ سیاحت کے فروغ ملاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن کی پسماندگی کو دور کرنے اور دنیا میں پاکستان کا امیج خوبصورت ممالک میں لانے کیلئے اس کو سی پیک میں شامل کیا جائے اور اس کو ٹورسٹ انڈسٹری کا درجہ دیا جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی، یہ نام لے لیں اس کے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: اس میں ہمارے ساتھ ملاکنڈ ڈویژن اور ہزارہ سے تعلق رکھنے والے ممبران اسمبلی ہیں، محمد علی صاحب ہیں، مشتاق غنی صاحب ہیں اور حبیب الرحمان صاحب ہیں، میاں ضیاءالرحمان صاحب ہیں، سردار ظہور صاحب ہیں، بخت بیدار خان ہیں، ڈاکٹر امجد صاحب ہیں اور محمد رشاد صاحب ہیں۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed unanimously.

جناب سپیکر: Topic، ابھی Discussion on topic لطف الرحمان صاحب! آپ سٹارٹ کر رہے ہیں، سکندر خان! پلیز۔ جی، سکندر خان!

جناب سکندر حیات خان {سینئر وزیر (آبپاشی)}: سپیکر صاحب! زه ستاسو مشکور یمه چې تاسو موقع را کړه۔ زه یو اهم خبرې باندې دغه کوم، ما ته پته ده چې دا کوم

ایشوز چې اپوزیشن اوچت کړی دی، هغه هم ډیر اهم دی خو نن چونکه وفاقی کابینه چې دے هغې د فاټا د Merger باره کښې رپورټ Adopt کړے دے او هغې حوالې سره زه یو ځو خبرې کول غواړمه ځکه چې دا یو اهم ایشو ده، د دې صوبې سره تعلق ساتی او چونکه نن هلته کښې وفاقی کابینه کښې دا د غه شوے دے نو په دغې حوالې سره مونږه غواړو چې خپل پوائنټ آف ویو نن رامخامخ کړو۔ سپیکر صاحب! کله چې د فاټا ریفارمز کمیټی جوړه شوه نو د چا هم ترې دا طمع نه وه چې د دې کمیټۍ به څه نتیجه راا وځی او د دې څه Recommendations به هم مخامخ راشی، بلکه هغه وخت کښې توقع دا وه چې څنګه چې عموماً ایشوز Deflect کیږی او لیټ کیږی نو د هغې د پاره کمیټۍ جوړې شی نو دیکښې هم دا طمع وه چې د دې کمیټۍ به هم د غه قسمه رپورټ راځی او چرته د هغې رپورټ به په منظر عام باندې نه راځی خو خلاف توقع د دې کمیټۍ رپورټ چې مخامخ راغے نو هغې کښې هغوی د ټول سول سوسائیټۍ د ټولو خلقو رائے مخامخ واخستله او دې نتیجې ته اورسیدل چې فاټا چې ده، هغه صوبې کښې ضم کیدل پکار دی او دا زما خیال دے چې د فاټا د خلقو د پاره یو ډیر اهم خبره وه ځکه چې په یو ملک کښې دوه قسمه نظامه نشی چلیدے، دوه قسمه قانونه نشی چلیدے، دوه قسمه آئینه نشی چلیدے۔ نو هغې لحاظ سره د هغې ځائې خلقو چې کوم د ډیرې مودې نه یو لحاظ سره زه به ورته اووایم چې د دې ملک دغه کښې خو ګنړلې کیدل چې د دې ملک Citizens دی خو هغوی ته هغه حقوق حاصل نه وو چې کوم د دې ملک د Citizens د آئین لاندې دی خو سپیکر صاحب! نن یو طرف ته په دې باندی که مونږه خوشحاله شو چې اؤ د کمیټۍ رپورټ وفاقی کابینه Adopt کړو خو بل خوا ته اوس هم دا خدشه پیدا شوه او چونکه دیکښې دا خبره راغلا چې دا پینځه کالو کښې دننه به کیږی۔ یعنی چې هغه کومه زمونږه مطالبه وه او صوبې، زمونږه صوبائی حکومت چې کومه مطالبه کړې وه یا زیات تر اکثریتی پارټو چې کومه مطالبه کړې وه چې دا د فوراً اوشی او مونږه دا غوښتل چې د 2018 د الیکشن نه مخکښې د دا ضم هم کړے شی او هغوی ته د په صوبائی اسمبلئی کښې نمائندګی ورکړے شی چې2018 الیکشن راځی چې د فاټا ورونړه هم چې دے هغوی ته په صوبائی اسمبلئی کښې نمائندګی ملاؤ شی،

هغه شے Delay کړے شو او دا زما خیال دے چې یو لحاظ سره د فاټا خلقو سره هم زیاتے شوے دے۔ بیا ورسره ورسره جناب سپیکر! دیکښې خبره شوې وه چې په 2017 کښې به هلته کښې بلدیاتی الیکشن کیږی نو هغه هم دا خبره شوې ده چې د 2018 پس به بلدیاتی الیکشن هلته کښې اوشی نو هغه شے هم هلته کښېExtend نشو۔ زه دا ګڼرمه چې دا د دې صوبې اسمبلئ په دې باندې قراردادونه پاس کړی دی، تیره اسمبلئ کښې هم په دې باندې قراردادونه پاس کړی وو او دې اسمبلئ هم په دې باندې خپل قراردادونه پاس کړی دی، زه دا ګڼرمه چې دا د دې اسمبلئ د قراردادونو یو لحاظ سره توهین شوے دے او جناب سپیکر! که مونږه دا اوګڼرو چې دا یو موقع وه د وفاقی حکومت سره چې تر اوسه پورې کوم زیاتے شوے وو د فاټا د خلقو سره چې د هغې ازاله اوشی، د هغې موقع چې ده هغه دوئ یو لحاظ سره Lose کړه، نو په دې باندې جناب سپیکر! زه د خپل پارټئ د اړخه دا وئیل غواړمه چې مونږه د دې مذمت کوؤ او مونږه دا غواړو چې دا زر تر زره فاټا چې ده هغه د د صوبې حصه جوړه کړے شی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، لطف الرحمان صاحب! میرے خیال میں ٹائم، اس طرح کرتے ہیں کہ چونکہ یہ اپوزیشن کا وہ ہے تو وہ اپنی بات کریں گے تو میں آپ کو بیچ بیچ میں موقع دوں گا تو آپ دونوں اس ایشو پر بھی بات کر سکتے ہیں۔ لطف الرحمان صاحب! اپنا نقطہ نظر دے دیں، میں موقع دیتا ہوں پھر۔ مولانا صاحب چونکہ Topic پر بھی شروع کر لیں اور اگر اس پر بھی آپ کچھ بولنا چاہتے ہیں۔

صوبے کے مالی بحران اور دیگر امور پر بحث

<u>مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف):</u> بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ بہت بہت شکریہ جناب سپیکر، میں کوشش کروں گا سکندر خان صاحب نے ایک بات کی ہے، اس حوالے سے بھی کچھ پوائنٹس جو ہماری پارٹی کے حوالے سے یا ہم سمجھتے ہیں کہ پوری تمام پارٹیز کو اعتماد میں لیکر ہمیں آگے چلنا چاہیئے، اس پر بھی میں ایک بات کر لوں گا اور اصل موضوع کی طرف پھر آؤں گا جو انتہائی اہم ہے۔ جناب سپیکر! سکندر خان صاحب نے بات کی کہ ہم نے فاٹا کے حوالے سے یہ Difference کہ ہمارا جو Settled area ہے، اس کا قانون آئین کچھ اور ہے اور فاٹا کا قانون آئین اور ہے، بنیادی طور پر فاٹا بھی اسی آئین کا ایک حصہ ہے اور جو

بنیادی، ہمارے آئین کا بنیادی ڈھانچہ ہے، اس ڈھانچے کا فاٹا بھی حصہ ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ فاٹا کے حوالے سے ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے کہ وہ صوبے کے ساتھ Merge ہوتا ہے یا وہ الگ سا صوبہ بنتا ہے لیکن یہ اصولی بات ہم کرتے ہیں اور وہ اصولی بات صرف اتنی ہے کہ فاٹا کے عوام کو اس فیصلے میں شامل کیا جائے، فاٹا کے لوگوں پر فیصلہ Impose نہیں ہونا چاہیئے بلکہ فاٹا کے لوگوں کو آپ اس فیصلے میں شامل کریں اور اس کے دو ہی طریقے ہیں، دنیا میں ریفرنڈم ہوتے ہیں، آپ ریفرنڈم کروائیں ایک دن میں، شام تک اس کا ریزلٹ نکل آئے گا اور اگر علاقے ملکوں سے الگ بھی ہوتے ہیں یہ تو ایک ہی ملک کے اندر کی ایک بات ہے بلکہ بہت سارے علاقے ریفرنڈم کے تھرو ملکوں سے الگ ہوتے ہیں اور ملکوں میں شامل ہوتے ہیں، یونین سے الگ ہوتے ہیں، یونین میں شامل ہوتے ہیں جناب سپیکر! تو یہاں پر بھی ہم چاہتے ہیں کہ فاٹا کے عوام کو اس میں شریک کیا جائے لیکن تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لیکر ایک متفقہ فیصلہ آئے اور وہ کیبنٹ کے تھرو آئے۔ تمام پارٹیز کو بٹھا کر اس کی جو کمیٹی بنی تھی، اس میں بیٹھ کر یہ Solution جو ہے اس کا ہونا چاہیئے تاکہ ہم ایک لائن پر چل سکیں اور ہمارا جو فیصلہ ہو، وہ پورے ملک کا فیصلہ ہو اور وہ تمام لوگ، تمام پارٹیاں، تمام سیاسی پارٹیاں اس میں شامل ہوں اور ساتھ میں فاٹا کے عوام کی مشاورت بھی شامل ہو تاکہ فاٹا کے مستقبل کا فیصلہ فاٹا کے عوام کی مشاورت کے ساتھ ہو تو یہ ایک بنیادی بات ہے اس میں، اور اس کی طرف بات آگے جا رہی ہے اور کسی بھی ٹائم پر ان شاء اللہ امید ہم رکھتے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ جو ہے ایک فیصلے، ایک نتیجے تک ان شاء اللہ پہنچے گی۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی۔۔۔۔۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: یہ چونکہ اپنی پارٹی کا موقف دینا چاہتے ہیں تو پانچ پانچ منٹ ان کو دیتے ہیں۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: میرے خیال میں بہت لیٹ ہو جائے گا، اس پر بات بے شک یہ کریں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: چلو چلو بسم اللہ، ٹھیک ہے جی۔

قائد حزب اختلاف: جیسے میں نے ایک بات کی ہے تو ساتھ میں وہ پوائنٹ بھی آجائے۔ جناب سپیکر! آج ہم ایجنڈے کے ایک اہم پوائنٹ پر آئے ہوئے ہیں اور وہ پوائنٹ ہے اس حوالے سے کہ ہم جو Financial crisis کے حوالے سے ہمارے تمام ممبران جو ہیں، پریشانی ہے ان کو، پارلیمنٹ کو، ہمارے اسمبلی کے تمام ممبران کو اس حوالے سے پریشانی ہے اور یہ ایک اہم مسئلہ ہے کہ ایک ایسا مبہم سا ایک ماحول چل رہا ہے، اس سال، کرنٹ اس سال کے بجٹ کے حوالے سے، اس حوالے سے جو کچھ بھی سامنے ہمارے پاس آرہا ہے، وہ انتہائی افسوسناک ہے جناب سپیکر! بہت سارے ممبران نے یہاں فلور پر ہر ایک ممبر نے اپنے Individual حوالے سے باتیں کی ہیں کہ ہماری سکیمیں جو 2013 میں ہم نے شروع کی تھیں تو وہ Completion تک نہیں پہنچ سکتیں جب تک اس کو کوئی فنڈنگ نہ ہو، فنڈ نہ مل رہا ہو۔ اسی حوالے سے پھر اگلے Year کے، پھر اگلے Year کے، اور اس سال تو انتہائی مبہم ہے کہ سمجھ میں نہیں آرہا کہ ہو کیا رہا ہے؟ اور کہا یہ جارہا ہے کہ اس سال کی اے ڈی پی کو ہم نے ختم کر دیا ہے اور وہ تمام پیسے ہم نے پچھلے جتنے بھی پراجیکٹس ہیں، ان پر شفٹ کئے ہیں لیکن یہاں بھی خدشات پائے جاتے ہیں کہ کہیں پہ تو، کئی حلقوں پر تو نئے فنڈز سے پیسوں کا اجراء ہو رہا ہے، پیسے ریلیز ہو رہے ہیں، نئے پراجیکٹس دیئے جارہے ہیں اور باقی صوبے کو اس حوالے سے محروم رکھا گیا ہے، مخصوص علاقوں کو پیسے مل رہے ہیں اور باقی کسی بھی Constituency کو وہ پیسے نہیں مل رہے، کوئی نیا فنڈ ان علاقوں کو نہیں مل رہا ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ہم نے سٹارٹ میں جب یہ بجٹ پاس ہو رہا تھا، آج عجیب سی بات ہے کہ آج ہمارے فنانس منسٹر بھی موجود نہیں ہیں اور پچھلی اسمبلی میں بھی میں نے ایک سوال اٹھایا تھا لیکن مجھے اس سوال کا جواب کسی نے نہیں دیا حالانکہ اس حوالے سے انتہائی سنجیدگی کی ضرورت ہے اور انتہائی اہمیت کے سوالات ہم اٹھاتے ہیں اور پھر اس کو جو ہے وہ جواب ندارد والی بات ہے کہ وہ ردی کی ٹھوکری میں ڈال کر اس کا کوئی جواب ہمیں نہیں مل رہا ہوتا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! سٹارٹ میں میں نے کہا تھا کہ یہ جو بجٹ آپ پیش کر رہے ہیں، یہ بجٹ جو ہے وہ خسارے کا بجٹ ہے، یہ آپ اس کو بیلنس بجٹ پیش کر رہے ہیں تو آنے والے حالات میں یہ ساری چیزیں آپ کے سامنے آئیں گی اور پھر وہ مخدوش صورتحال سے آپ کا سامنا ہوگا، آپ کو پارلیمنٹ کو سمجھانے میں، بریف کرنے میں آپ کو مشکلات آئیں گی اور آج بھی اس کی ضرورت ہے جناب سپیکر! کہ

آپ پارلیمنٹ کو بریف کریں کہ ان کی سمجھ میں آئے کہ کیا کچھ ہو رہا ہے اور جناب سپیکر! آپ کو یاد ہو گا یہاں فلور آف دی ہاؤس چیف منسٹر نے کہا تھا کہ ہم اپوزیشن کے پارلیمانی لیڈرز کو ساتھ لیکر، ہم اس بجٹ کے حوالے سے بات کریں گے اور ہمارے جو مسائل ہیں، ان مسائل کو بھی ان کے سامنے رکھیں گے اور جو کچھ ہم کر سکتے ہیں، وہ بھی ہم کریں گے۔ جناب سپیکر! یہ دو دفعہ یہاں پر چیف منسٹر نے فلور آف دی ہاؤس کمٹمنٹ کی کہ ہم آپ کے ساتھ بات کریں گے لیکن آج مارچ کا مہینہ شروع ہو گیا، ہم سے کسی نے کوئی رابطہ نہیں کیا اس حوالے سے۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر! اس حوالے سے جب بجٹ پیش کیا گیا، وہ بجٹ کا تقریباً 429.695 بلین جو ہے، یہ Receipt تھا ریونیو کا اور اس کے علاوہ جو General receipts ہیں، وہ تقریباً کوئی 27.451 تھا اور اسی طرح Development receipt جو ہے، وہ 47.855 تھا جناب سپیکر، اس کو اگر ٹوٹل کیا جائے جناب سپیکر! تو یہ 505 بلین بنتا ہے اور اس کے اخراجات کے حوالے سے بھی جو تفصیل دی گئی، وہ بھی 505 ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہاں پہ سب سے پہلے جو ہمارا ہائیڈل پرافٹ، نیٹ پرافٹ جو ہے اس سے ہم نے توقعات رکھے تھے کہ ہمیں کوئی 33.7 بلین جو ہیں، یہ ہمیں Receive ہوں گے اور یہ Receive جب ہوں گے تو اس میں اس بنیاد پر ہم نے جناب سپیکر! بجٹ بنایا۔ پچھلے سال کے حوالے سے اسی مد میں جو ہم نے توقعات ظاہر کئے تھے کہ ہمیں اس میں اتنے بلین روپے ملیں گے تو اس کا ففٹی پرسنٹ جناب سپیکر! اس کو ملا ہے ففٹی پرسنٹ اور اس سال بھی اس مہینے تک جو ہماری معلومات ہیں، وہ تقریباً کوئی 16 بلین اور 16 بلین اب یہ واپس اسی جگہ پر آ گئے کہ ففٹی پرسنٹ ہمیں ملے گا اور ففٹی پرسنٹ ہمیں نہیں مل رہا ہے جناب سپیکر! یہ 16 بلین جناب سپیکر! یہ خسارے میں بجٹ میں گئے اور ہم توقعات خود سے بناتے ہیں، وہ مفروضات ہوتے ہیں کہ ہم بناتے ہیں کہ جی اس کے تحت ہمیں اتنے پیسے ملیں گے اور پھر جو ہے نا اسی کی بنیاد پہ ہم بجٹ بناتے ہیں اور پھر ہم اس کو بیلنس بجٹ پیش کرتے ہیں، تو یہ مسلسل ہم اپنے آپ کو بھی دھوکہ دیتے ہیں اور پارلیمنٹ کے ممبران کو بھی دھوکہ دیتے ہیں اور جو بجٹ ہم سامنے لاتے ہیں جو ایک دستاویز ہوتی ہے پورے صوبے کیلئے اور وہ صوبہ سارا ان دستاویزات کو پڑھتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اسی طریقے

